www.understnadquran.com

ہدایات برائے اسباق کی منصوبہ بندی

اس کتاب میں موجود ٹیکسٹ بک اور ورک بک کے مختلف حصوں کو ایک استاد کیسے پڑھائے اس کی تفصیل نیچے دی جارہی ہے۔ استاد ضرورت کے لحاظ سے دونوں حصوں کو الگ الگ طور پر یا ایک ساتھ بھی پڑھا سکتا ہے۔ تفصیلی ٹیچر گائڈ، پریزینٹیشن اور ویڈیوز وغیرہ اس لنک پر ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں:
www.understandquran.com/teacher_resources.html

ہر مضمون کے ساتھ اس کے لیے مناسب وقت بھی ذکر کیا گیا ہے، البتہ اپنی ضرورت کے لحاظ سے آپ اس میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

قرآن و حدیث اور اسلامیات

سلسلہ نمبر	اسباق کو پڑھانے کا پلان	تفصیلات	وقت (منٹ)
1	سبق سے حاصل ہونے والے نتائج	سبق سے حاصل ہونے والے تین اہم نتائج یا نکات کو بلند آواز میں پڑھیں۔	1
2	گزشتہ سبق کا اعادہ	مضمون سے متعلق لازمی امور کا اعادہ ضرور کروایا جائے۔	3
3	بنیادی سوالات	مضمون کا تعارف کروانے کی غرض سے طلبہ سے سوالات پوچھے جائیں۔	2
4	عربی متن اور لفظی ترجمہ	سبق میں موجود آیت یا حدیث اور اس کے ترجمہ کی وضاحت کریں۔	7
5	تعارف اور تشریح	جو آیت یا حدیث پڑھائی جارہی ہے اس کی اہمیت اور ذاتی زندگی میں اس کے استعمال کی مفصل تشریح	3
6	سرکل ٹائم — قصہ اور حدیث	جتنا ممکن ہو سکے طلبہ کو اپنے سے قریب جمع کرلیں اور نہایت متحرک انداز میں قصہ یا حدیث سنائیں۔	7
7	تدبر	مطالعہ - تصور اور احساس۔ طلبہ کو الگ الگ بٹھا کر انہیں سوچنے دیں اور انہیں اپنی رائے بیان کرنے کا موقع دیں، استاد بھی ان سے تبادلہ خیال کرے۔	8
8	تذکر	دعا، احتساب، پلان — طلبہ کو "TPS" کی سرگرمی میں لگا کر کوئی ایک نکتہ لکھنے کے لیے کہیں۔ استاد طلبہ کی کارکردگی دیکھتے ہوئے ان کی مدد کرے۔	8
9	عادت	عادتوں کو واضح انداز میں بیان کریں اور عادتوں کی فہرست کو مرتب کرتے رہیں۔	2
10	ورک بک کی تکمیل	استاد اس بات کا اہتمام کرے کہ ورک بک کی تکمیل کے لیے مستقل ایک سیشن رکھا جائے۔	20
11	طلبہ کا جائزہ	طلبہ کی جانچ کی غرض سے مختلف جگہوں سے الگ الگ سوالات پوچھے جائیں اور ورک بک چیک کی جائے، عام طور پر پیش آنے والی مشکلات کو دیکھ کر ان کا حل نکالا جائے اور اگلی کلاس میں طلبہ کو اس سے واقف کروایا جائے۔	7
12	کلاس کا اختتام	جو کچھ سیکھا ہے اس کا اعادہ ہو اور آئندہ کی تفصیل بتائی جائے۔	2

گرامر

سلسلہ نمبر	گرامر کو پڑھانے کا پلان	تفصیلات	وقت (منٹ)
1	سبق سے حاصل ہونے والے نتائج	سبق سے پڑھائے جانے والے افعال کو بلند آواز میں پڑھیں۔	1
2	گزشتہ سبق کا اعادہ	مضمون سے متعلق لازمی امور کا اعادہ ضرور کروایا جائے۔	3
3	تعارف اور تشریح	سبق میں پڑھائے جانے والے فعل یا اسم کی مفصل تشریح۔	2
4	نئے الفاظ اور ان کا ترجمہ	نئے الفاظ اور ان کے ترجمے کو واضح کریں، ان الفاظ کو دوسرے معلوم الفاظ یا افعال کے ساتھ جوڑیں۔	3
5	TPI کے ساتھ مشق	استاد اس کی مشق کروائے، جیسے یوں کہے: "میرے بعد دہرائیں"۔	4
6	طلبہ کا جوڑیاں بنا کر بات کرنا-TPS	اس سے طلبہ میں تعامل کی صلاحیت بڑھتی ہے۔	5
7	آؤ عربی میں بات کریں! (spoken Arabic)	کتاب میں دی گئی مشقوں کی روشنی میں استاد بچوں سے سوالات پوچھے۔	8
8	ورک بک کی تکمیل	استاد اس بات کا اہتمام کرے کہ ورک بک کی تکمیل کے لیے مستقل ایک سیشن رکھا جائے۔	20
9	طلبہ کا جائزہ	طلبہ کی جانچ کی غرض سے مختلف جگہوں سے الگ الگ سوالات پوچھے جائیں اور ورک بک چیک کی جائے، عام طور پر پیش آنے والی مشکلات کو دیکھ کر ان کا حل نکالا جائے اور اگلی کلاس میں طلبہ کو اس سے واقف کروایا جائے۔	7
10	کلاس کا اختتام	جو کچھ سیکھا ہے اس کا اعادہ ہو اور آئندہ کی تفصیل بتائی جائے۔	2